الطاف حسین اور وفاقی مشیر داخلہ رحمان ملک کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ
افغانستان میں پاکستانی سفیر کی بازیابی کیلئے حکومت بالخصوص مشیر داخلہ کی کاوشوں پر خراج تحسین

لندن۔۔17 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ہفتہ کی شب وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک سے ٹیلی فون پر گفتگو کی اور طالبان کے قبضہ سے افغانستان میں پاکستانی سفیر طارق عزیز الدین کی بازیابی کیلئے حکومتی اقدامات کو سراہا۔ جناب الطاف حسین نے پاکستانی سفیر کی بازیابی کیلئے حکومتی اقدامات بالخصوص مشیر داخلہ رحمٰن ملک کی کاوشوں پر انہیں خراج تحسین بھی پیش کیا۔ مشیر داخلہ نے جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہ کہ حکومت شہریوں کی جان ومال کے تحفظ اور ملک میں امن وامان برقرار رکھنے کیلئے ہر ممکن اقدام کرتی رہے گی۔

تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر ایم کیو ایم لیاقت آباد، نیو کراچی اور نارتھ کراچی کے 3 کارکنان کا تنظیم سے اخراج
نظم وضبط کی خلاف ورزی پر نیو کراچی سیکٹر کے کارکن کو غیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا

کراچی۔۔۔17 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 157 کے کارکن ذیشان عرف شانی ولد غلام علی، ایم کیو ایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ C-134 کے کارکن ضمیر احمد عرف جمی ولد بشیر عباسی اور ایم کیو ایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 134 کے کارکن آصف حسین عرف برگر ولد عطاء حسین کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر ایم کیو ایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ C-134 کے کارکن رئیس ولد عبدالستار کو غیر معینہ مدت کیلئے تنظیم سے معطل کردیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ خارج اور معطل افراد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

ایم کیو ایم شہداد پور سیکٹر کمیٹی کے رکن، کورنگی سیکٹر کی یونٹ کمیٹی کے رکن اور بھٹائی آباد یونٹ کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔17 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم سانگھڑ زون شہداد پور سیکٹر کی سیکٹر کمیٹی کے رکن محمد اعظم کے والد فیض محمد، ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 69 کی یونٹ کمیٹی کے رکن نعیم کی ہمشیرہ محترمہ ہما اور ایم کیو ایم بھٹائی آباد یونٹ کے کارکن محمد بلوچ کی ہمشیرہ محترمہ صفیہ خاتون کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

☆☆☆☆☆